ilmkidunya

Urdu - FA Part 1 Urdu Chapter 4 Short Questions Preparation

Q1. مرغیاں مسلمانوں کو اپنا خوْن کا پیاسا کیوں سمجھتی ہیں.

Ans 1: مرغیاں اپنی جبلی تعصب کی بنا پرمسلمانوں کو اپنے خون کا پیاسا سمجھتی ہیں ۔

Q2. ابن انشاء دھرتی کا گز بن کر کہاں تک گھوڑے دوڑا آئے.

Ans 1: ابن انشاء کے بقول وہ دھرتی کا گز بن کر بحر ظلمت تک گھورے دوڑا آئے

Q3. زمین کے گرد چکر لگانے میں ابن انشا کو کیا بدیہی خطرہ نظر آیا.

Ans 1: ابن انشائ کو بظاہر یہ خطرہ نظر آیا کہ کہیں گولائی کی طرف رینگنے ہوئے نیچے نہ گریں.

Q4. "اپنی مدد آپ" کا کیا فائدہ ہے.

Ans 1: "اپنی مدد آپ" کا یہ فائدہ ہے کہ دوسرے بھی اپ کی مدد کو پہنچ جاتے ہیں.

Q5. شکاری نے آگ کیوں جلائی.

Ans 1: درخت پر کبوتری کا گھونسلا تلاش کرنے کے لیے شکاری نے آگ جلائی

Q6. کبوتر، گدھ اور سانپ دوستی اور باہمی تعاون پر کیوں امادہ ہوئے.

Ans 1: جنگل میں آنے والےخطرات اور مشکلات سے نپٹنے کے لیے وہ دوستی اور تعاون پر آمادہ ہوئے.

Q7. مصنف کا دوست اپنی مرغیاں مصنف کو کیوں دینا چاہتا تھا.

Ans 1: مصنف کے دوست کا گھر مختصر تھا آدھے گھر میں وہ رہتے تھے اور آدھے میں مرغیاں اب ان کے عزیز چھٹیاں گزارنے ان کے پاس ارہے تھے اس لیے وہ اپنی مرغیاں مصنف کو دینا چاہتے تھے

Q8. کسی بیرونی خطرے می صورت میں ہمیں کیا طرز عمل اختیار کرنا چاہیے.

Ans 1: اتفاق اور اتحاد میں طاقت ہے ہمیں متحد ہو کر بیرونی خطرات کا مقابلہ کرنا چاہے.

Q9. سفر کے دوران ابن انشاء کے ساتھیوں کا تعلق کن ممالک سے تھا.

Ans 1: سفر کے دوران ہمسفروں کا تعلق ترکی اور ایران سے تھا

Q10. مصنف کس چیز کو دنیا کی سب سے بڑی نعمت سمجھتا ہے.

Ans 1: مصنف مرغی کے علاوہ انڈے کو بھی دنیا کی سب سے بڑی نعمت سمجھتا ہے